Volume V
No. 6

SP. V-6-76 (E)
300

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

**Friday the 25th June, 1976**

CONTENTS

| | Pages |
|---|---|
| Motion *Re* : Scarcity of vegetable Ghee in the Punjab—*Deferred* ... | 65 |
| Motion *Re* : Sluggish growth rate in Industrial sector during 1974-75 in Pakistan—*Deferred* ... ... ... | 68 |
| Motions *Re* : Extremely poor growth rate in agricultural sector in Pakistan during 1971—75, disproportionate supply of sugar by Federal Government to different provinces and circulation of the report of National Financial Commission among Members of the Senate—*Deferred* ... ... ... | 69 |
| Resolution *Re* : Sui gas supply to Mandi Bahauddin town on priority basis—*Talked out and withdrawn* ... ... | 69 |

PRINTED AT THE MACLAGAN PRESS, CHURCH ROAD, LAHORE

PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Friday, June 25, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past nine of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

(*Recitation from the Holy Quran*)

---

**Mr. Chairman :** Yes, now we resume discussion on resolution which has already been moved.

## MOTION *Re* : SCARCITY OF VEGETABLE GHEE IN THE PUNJAB

**Mr. Chairman :** Khawaja Sahib, you moved this resolution, item No. 2. This motion was already moved.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! آپ بجا فرماتے ہیں - لیکن وزیر صاحب بھی یہاں نہیں ہیں تو میں کس کو سناؤں ؟ میرے محترم دوست جو یہاں ہیں ان کو بھی شاید شکایت ہو - میری طرح وزیر صاحب سے متعلق بعض شکایت کریں گے - بعض ان کی حمایت کریں گے - وہ اور بات ہے - لیکن اصل بات تو وزیر صاحب کی ہے - وہ یہاں تشریف رکھتے ہوں تو میں ان کی خدمت میں اپنی شکایت پیش کروں اب کیا کیا جائے ؟

**راؤ عبدالستار (قائد ایوان) :** ملک صاحب جو بیٹھے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** میرے دل میں ملک صاحب کا بڑا احترام ہے -

**جناب چیئرمین :** پہلے تو یہ بتائیے کہ متعلقہ منسٹر کون ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جناب وزیر صنعت سید قائم علی شاہ صاحب -

**جناب چیئرمین :** اچھا -

خواجہ محمد صفدر : جناب یہ پہلی اور دوسری آئیٹم ان سے متعلق ہے ملک صاحب نے ان کو بہت تلاش کیا - وعدہ بھی کیا کہ ان کو بلا کر لاتے ہیں ان کو تلاش بھی کیا لیکن ان کی تلاش کا نتیجہ یہ نکلا - ابھی انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ کراچی میں ہیں - قبلہ اگر آپ مناسب خیال کریں تو وزیر صاحب کو کہہ دیجئیے کہ یہ ہمارا non-official day ایسے ہی چلا جاتا ہے - گذشتہ چھ ماہ سے اکثر یہی دیکھنے میں آیا ہے - میں نے یہ پہلی موشن ۱۶ جنوری کو پیش کیا ہے - تقریباً چھ ماہ گذر رہے ہیں - لیکن ہنوریہ روز اول کی طرح ہے - اگر آپ مناسب خیال فرمائیں تو ان کو کہہ دیں -

**Mr. Chairman :** I have no objection.

اصولاً تو آپ کی بات درست ہے کہ وزیر متعلقہ کو یہاں حاضر ہونا چاہئیے اب مجھے یہ معلوم نہیں ہے کہ وزیر متعلقہ ، جو یہاں نہیں ہیں ، ان کو کوئی ایسا ضروری کام ہے - کوئی میٹنگ ہے - یا کوئی اور کام ہے -

خواجہ محمد صفدر : یہ بھی تو ضروری کام ہے - میرا خیال ہے کہ یہ بھی ضروری کام ہے -

جناب چیئرمین : یہ بھی ضروری ہے - اگر ضروری نہ ہوتا تو میں اس کی اجازت نہ دیتا -

خواجہ محمد صفدر : نہیں جناب ایوان کا کام ضروری ہے - میں ایوان کی بات کر رہا ہوں -

جناب چیئرمین : اب آپ بتائیے -

خواجہ محمد صفدر : میری رائے تو یہ ہے کہ ہماری یہ گفتگو جو ہے وہ سعئ لاحاصل ہوگی اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا -

**Mr. Chairman :** Malik Sahib, what is your suggestion ? I have been noticing you. You have been smiling under the sleeves.

**Malik Mohammad Akhtar :** (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : No, Sir.

خواجہ صاحب اگر بات کرنا چاہیں تو میں جواب دوں گا -

جناب چیئرمین : متعلقہ وزیر صاحب نہیں ہیں - اب خواجہ صاحب نے دو نکتے اٹھائے ہیں - ایک یہ تھا کہ اگر میں بحث کروں تو وزیر صاحب نہیں ہیں کیا جواب ملے گا -

ملک محمد اختر : جواب تو جناب جو ریکارڈ موجود ہے اس سے دے دیا جائیگا - لیکن اگر یہ وزیر متعلقہ سے ہی بات کرنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے -

**جناب چیئرمین :** اب دو صورتیں ہیں - ایک تو یہ کہ یہ بحث جاری رکھی جائے - تھوڑی دیر کے لئے یہ آپ کو سید قائم علی شاہ تصور کر لیں گے اور آپ اس کا جواب دے دیں - کون سی بات ہے ؟ دوسری یہ ہے کہ اس کو postpone کیا جائے -

**ملک محمد اختر :** اگر یہ میرا جواب پسند کریں تو میں حاضر ہوں -

**خواجہ محمد صفدر :** میں وزیر قانون و پارلیمانی امور کا بے حد احترام کرتا ہوں ، لیکن یہ موضوع ان سے متعلق نہیں ہے اور میرا خیال ہے کہ ان کے پاس بریف بھی نہیں ہوگا - کیوں کہ وزیر متعلقہ یہاں نہیں ہیں یہ گھی لینے دینے کا مسئلہ ہے جس پر بحث ہوگی - اور میں نہیں سمجھتا کہ وزیر قانون و پارلیمانی امور اس کا جواب دے سکیں گے -

**جناب طاہر محمد خان :** تلوں کی بات ہوتی تو اور بات تھی کہ تلوں میں تیل نہیں - گھی تو بہر حال گھی ہے - جس رنگ میں ہو گھی ہے تو اس لئے گھی تو مل سکتا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** میں تو معزوری کا اظہار کروں گا - اگرچہ میں نے اس کی تیاری کے لئے رات بھی کچھ وقت صرف کیا - لیکن قبلہ میں یہ درخواست کر رہا تھا کہ اگر آپ مناسب خیال کریں تو وزراء صاحبان کی توجہ اس طرف دلائیں -

**جناب چیئرمین :** میں وزراء صاحبان کو کہہ دوں گا - اب آپ جانتے ہیں کہ officially تو مجھے کوئی اختیار نہیں کہ میں ان کو یہاں موجود ہونے پر مجبور کروں قانون کے مطابق -

**خواجہ محمد صفدر :** بالکل نہیں -

**Mr. Chairman :** You know, I have no power to ensure and compel them to attend to it. I can only convey your feelings in the matter to them. Have you got any objection, Malik Akhtar ?

**خواجہ محمد صفدر :** صرف یہ ہے کہ اہمیت کم دی جاتی ہے -

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir. If it is postponed, I have no abjection.

**Mr. Chairman :** It will be postponed. Now, will you please convey the feelings of the mover of the resolution and also the necessity of the Minister being available, if possible, if the matter concerns him; whether it is an adjournment motion or privilege motion or resolution or motion or any other matter, he should make it a point to be present unless he is unavoidably absent. That you understand?

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** So, if he is absent because of insermountable difficulty and it was impossible for him to be present here because his presence somewhere else was required in connection with some meeting, some conference, or some other important thing. I understand that. We all understand what an important thing is. Personally, I do not think he has run-away from the House. No, no, Khawaja Sahib's grievance is that the Ministers concerned do not attach much importance to their work in the Senate. They do not attach that importance to the matter concerning the Senate as they do in the other place. I understand. Some Senators are absent. I am absent sometime because of some compulsion. So, will you kindly convey the feelings of Khawaja Safdar, and I also endorse that if possible the Minister should make it a point to be here when the matter comes up for discussion ? Malik Akhtar, will you please ? You are today unusually quiet. There is no reaction from your side, no response, no positive response.

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir, I desire that the Minister concerned should come and then reply.

**Mr. Chairman :** I have asked you to request and rather convey the feelings of the House to the Minister concerned.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I got some time from you to contact the Minister, and I found that he could not return today from Karachi.

**Mr. Chairman :** We always accommodate each other. When you told me that you will be unavoidably absent for ten to fifteen minutes, because you were arguing something in the National Assembly, well, I said, yes, by all means, you go there, and when you are through, you can come here. We accommodate each other. So, you ask the Minister concerned.

**Malik Mohammad Akhtar :** I will ask the Minister.

**Mr. Chairman :** So, this motion under rule 187, item No. 2, stands deferred to some other day when the Minister concerned is present. Well, I will also ask the House whether they agree. I think no gentleman has any objection to the postponement of this motion.

**Voices :** No.

**Mr. Chairman :** So, it stands postponed. Then discussion on item No. 3.

## MOTION *Re* : SLUGGISH GROWTH RATE IN INDUSTRIAL SECTOR DURING 1974-75 IN PAKISTAN

**Mr. Chairman :** Yes, Khawaja Sahib, it is yours.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! یہ بھی ان ہی وزیر صاحب سے متعلق ہے اور میں عرض کر دوں کہ نمبر ۴ وزیر صنعت سے متعلق ہے ، نمبر ۵ وزیر زراعت سے متعلق ہے اور نمبر ۶ وزیر خزانہ سے متعلق ہے -

**Mr. Chairman :** So, the next.

## MOTION *Re*: EXTREMELY POOR GROWTH RATE IN AGRICULTURAL SECTOR IN PAKISTAN DURING 1971—75, DISPROPORTIONATE SUPPLY OF SUGAR BY FEDERAL GOVERNMENT TO DIFFERENT PROVINCES AND CIRCULATION OF THE REPORT OF NATIONAL FINANCIAL COMMISSION AMONG MEMBERS OF THE SENATE.

**Mr. Chairman :** Well, I know myself that the Minister concerned, Shaikh Mohammad Rashid, is ill. He has sent me a request. He is ill. He is not feeling well. He is in bed for some days. He is ill and unavoidably absent. So far as Finance Minister is concerned, you know he is piloting the budget in the National Assembly. The two Ministers; Shaikh Mohammad Rashid and Rana Mohammad Hanif, are both unavoidably absent. I cannot help you in this matter. So far as Syed Qaim Ali Shah is concerned, we have said much about it.

So, all these motions 3, 4, 5, and 6 stand postponed to some other day, deferred to some other day.

Now, we are left with No. 7

## RESOLUTION *Re*: SUI GAS SUPPLY TO MANDI BAHAUDDIN TOWN ON PRIORITY BASIS

**Mr. Chairman :** Oh, yes, this has been a hang fire for long. This was by Chaudhry Mohammad Aslam. Is he present today ?

**Voices :** Yes.

**جناب چیئرمین :** یہ منڈی بہاؤالدین کو سوئی گیس پہنچانے والا معاملہ ہے ۔ چوہدری صاحب فرمائیے ۔

**سردار محمد اسلم :** کیا جناب سوئی گیس کے لئے منسٹر کی ضرورت نہیں ہوتی ؟

**جناب چیئرمین :** کس نے کہا ہے کہ منسٹر کی ضرورت نہیں ہے ؟

**سردار محمد اسلم :** میرے خیال میں گیس چونکہ منسٹر کے بغیر مل جاتی ہے ۔ اس لئے یہ شروع ہو رہا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** میں نے تو نہیں کہا کہ منسٹر کی ضرورت نہیں ہے ۔

**چوہدری محمد اسلم :** سر دست تو میری اپنے فاضل ممبران سینٹ سے گذارش ہے کہ چونکہ سب دوست بیٹھے ہیں اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ مناسب ہوگا کہ میں اس پر اظہار خیال کروں ۔

(مداخلت)

**چوہدری محمد اسلم :** نہیں وہ منسٹر کی بات کر رہے تھے کہ منسٹر نہیں ہے ۔ ہمارا کام تو منسٹر کے بغیر بھی چل سکتا ہے ۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب یہ تو سمجھائیے کہ آپ کا کام بغیر منسٹر کے چل سکتا ہے تو یہ نسخہ ان کو بھی بتائیے ۔

چوہدری محمد اسلم : خواجہ صاحب کی مرضی ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ۔ ۔

جناب چیئرمین : نہیں ، نہیں ، آپ کے ریزولیوشن کا تعلق بھی تو ایک منسٹر سے ہے اس کے بغیر کیسے کام چلے گا ؟

چوہدری محمد اسلم : اس کا تعلق سینٹ کی بحث سے ہے جناب والا ! منسٹر صاحب آئے ہوئے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ میں بھی اس طرح کرونگا جس طرح خواجہ صاحب نے کیا ہے تو ایوان کا مزید وقت ضائع ہوگا اس لئے میں چاہتا ہوں کہ کم از کم کچھ کام ہو جائے تو بہتر ہے ۔

**Mr. Chairman :** All right.

چوہدری محمد اسلم : جناب چیئرمین ! منڈی بہاؤالدین ضلع گجرات میں ایک نہایت ہی اہم ٹاؤن ہے اور اس کی آبادی بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے اس وقت اس کی آبادی تقریباً ستر اسی ہزار کے لگ بھگ پہنچ چکی ہے لیکن اتفاق کی بات ہے کہ اس علاقے میں قطعاً کوئی صنعت نہیں ہے اور اس علاقے سے ملحقہ جتنی بھی تحصیلیں اس پر depend کرتی ہیں وہ تمام کی تمام اس وقت روزگار کے لئے agriculture کی معمولی seasonal لیبر جو ہے اس کے اوپر depend کرتی ہے اور نوے فیصد لوگ جو ہیں وہ بے روزگار ہیں اور یہ بے روزگاری اس لئے ہے کہ وہاں کوئی صنعت نہیں ہے اور صنعت اس لئے نہیں ہے کہ وہاں پاور صنعت کو چلانے کے لئے نہیں ہے اور بجلی ویسے ہی نہیں ہے اور دوسرے وسائل بھی نہیں ہیں اور اتفاق کی بات بلکہ خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ سوئی گیس کی پائپ جو ہے وہ شہر کے بالکل قریب سے گزرتی ہے بالکل قریب یعنی دس بارہ میل سے گزرتی ہے اور میں صحیح بات کر رہا ہوں کیونکہ گورنمنٹ کی طرف سے جو کوئی version دیا گیا ہے وہ قطعاً صحیح نہیں ہے کیونکہ وہ بعض افسروں نے کسی ریفرنس سے لکھ دیا ہوگا آپ اس کو confirm کر سکتے ہیں اور یہ ہاؤس confirm کر سکتا ہے کہ شہر سے دس بارہ میل کے فاصلے سے سوئی گیس کی پائپ لائن گزرتی ہے کیونکہ میں نے سنا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ چالیس پچاس میل کے فاصلے سے گزرتی ہے اور کروڑوں روپے خرچ آئے گا یہ ہوگا وہ ہوگا ۔

That is not a correct figure as far the distance or as far the estimate is concerned.

تو اس لحاظ سے میری یہ گزارش ہے کہ چونکہ پائپ لائن قریب سے زرتی ہے اور اگر وہاں سوئی گیس پہنچا دی جائے تو اس علاقے کے گرد نواح کی کم و بیش آٹھ لاکھ آبادی ہے جو اس ٹاؤن پر depend کرتی ہے اور اس سے ملحقہ تحصیل کھاریاں جو ہے وہ بھی زیادہ تر اسی علاقے پر depend کرتی ہے اور ضلع گجرات کی دو تہائی آبادی جو ہے اس کے لئے روزگار کے وسائل پیداوار جو ہیں وہ اس شکل میں نکل سکتے ہیں اگر وہاں سوئی گیس کی پائپ لائن لے جائی جا سکے اور لوگوں کا مطالبہ ہے وہ یہ

گھتے ہیں کہ ہم پیسے لگانا چاہتے ہیں اگر ہمیں انڈسٹری چلانے کے لئے فیول ملے تو ہم یہاں investment کرنے کے لئے تیار ہیں تو اس لئے ان حالات کی روشنی میں میری اس معزز ایوان سے گزارش ہے کہ یہ ایوان گورنمنٹ کو پاس کرے کہ وہ وہاں سوئی گیس مہیا کرے کیونکہ اس سے بیشتر جہاں بھی گورنمنٹ نے سوئی گیس دی ہے مثلاً گوجرانوالہ میں سوئی گیس دی ہے تو وہاں پہلے ہی انڈسٹری ہے اور بجلی کی سپیشل لائنیں لگی ہوئی ہیں اور وہاں پر اس کے متبادل انتظامات بھی ہیں اور وہاں پر کافی لوگوں کو روزگار بھی کھلا ہوا ہے اور کافی پرانی انڈسٹری ہے دوسرا بڑے شہروں میں جہاں سوئی گیس ملی ہے وہاں دیہاتوں کے لوگ بھاگ کر آباد ہو رہے ہیں اور شہروں کی آبادی کے لئے ہر قسم کے سوشل problem اور اکنامک problem پیدا کر رہے ہیں اور ملک کے لئے بھی اور گورنمنٹ کے لئے بھی problem پیدا کر رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ جہاں بھی اس قسم کے ٹاؤن ہیں اور جہاں بھی potential ہے کہ وہاں صنعت قائم ہو سکتی ہے تو انہیں priority ملنی چاہیئے کیونکہ اگر وہاں صنعتیں قائم ہونگی تو وہاں کے مقامی لوگ کام کرینگے تو شہروں میں ان کے جانے کی وجہ سے جو problems پیدا ہو رہی ہیں اور جتنا ہاؤسنگ کا خرچ بڑھ رہا ہے اور یہ محض اس لئے بڑھ رہا ہے کہ شہروں میں بہت زیادہ سہولتیں ہیں اس لئے لوگ وہاں اکٹھے ہو رہے ہیں اور میں یہ نہیں کہتا کہ یہ کسی بدنیتی کے لئے کیا جا رہا ہے بلکہ نیک نیتی سے کیا جا رہا ہے لیکن جو لوگ پلاننگ کر رہے ہیں شاید ان کو اس کا خیال نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے جتنے فاضل دوست یہاں بیٹھے ہوئے ہیں وہ مجھ سے اس بات پر اتفاق کرینگے اور حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے بعض ممالک نے آبادی کا مسئلہ اور روزگار کا مسئلہ اس طریقے سے حل کیا ہے کہ انہوں نے بڑے شہروں سے ہٹ کر scattered area انڈسٹری کے وسائل پیدا کئے اور وہاں سہولتیں پیدا کیں تو اس صورت میں یہ عرض کرونگا اور جناب چیئرمین ! آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ہمیں سوئی گیس جو ہے وہ ضرور ملنی چاہیئے اور جو facts and figures دیئے گئے ہیں میں ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ صحیح نہیں ہیں اور آپ اس کی تصدیق فرما لیں شکریہ۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ بس شیر محمد خان صاحب ۔

**جناب شیر محمد خان :** جناب والا ! اس وقت اس ہاؤس میں یہ موشن زیر بحث ہے کہ منڈی بہاؤالدین کو priority basis پر سوئی گیس سپلائی کی جائے میرے دوست چوہدری اسلم صاحب نے اس ضمن میں ذکر کیا ہے کہ دیہاتوں سے چھوٹے گاؤں سے اور پہاڑی علاقوں سے جہاں روزگار کے مواقع نہیں ہیں ان کی بڑی آبادی ترک مکانی کرکے بڑے شہروں کی طرف چلے جاتے ہیں جہاں روزگار کے مواقع ہیں اور یہ فی الحقیقت اس وقت ہمارے ملک میں بڑا سنگین مسئلہ کی صورت اختیار کر

[Mr. Sher Mohammad Khan]

رہا ہے ہمارے لئے دیہاتوں کے لوگ پہاڑی علاقوں کے لوگ ، اور ان علاقوں کے لوگ جہاں پر روزگار کے مواقع نہیں ہیں وہاں لوگ جاکر بڑے شہروں والے لوگوں کا سکون بھی درہم برہم کرتے ہیں اور ساتھ وہی لوگ جو دور افتادہ علاقوں سے آ کر صرف ذرائع معاش کی خاطر آباد ہوتے ہیں وہ شہروں میں یکسوئی سے محنت بھی نہیں کر سکتے تو اس سے کارخانے کے کام اور فیکٹری کے کام اور پروڈکشن پر اثر پڑتا ہے چوہدری اسلم صاحب نے یہ بتایا ہے کہ منڈی بہاؤالدین کا علاقہ اپنے لحاظ سے اہمیت رکھتا ہے اور اگر وہاں سوئی گیس چلی جائے تو وہاں انڈسٹری بھی لگ سکتی ہے تو میں اس کی مخالفت نہیں کرتا تو اس ضمن میں صرف مثال کے طور پر عرض کرونگا کہ بہت سے علاقے ایسے ہوتے ہیں جس میں انڈسٹری کی گنجائش ہوتی ہے خام مال ہوتا ہے اس میں گنجائش ہوتی ہے اور لوگ وہاں سرمایہ لگا کر کارخانہ لگانا یا فیکٹری قائم کرنا چاہتے ہیں لیکن سروے کرنے کے بعد پتہ چلتا ہے کہ یہاں تو سوئی گیس نہیں ہے -

جب سوئی گیس نہیں ہے تو یہاں کوئی کارخانہ نہیں لگ سکتا - سوئی گیس والوں کے پاس جاتے ہیں کہ بھئی اس علاقے میں بہت سارا خام مال ہے جیسے آپ استعمال میں لا سکتے ہیں ہیں بجائے اس کے کہ آپ باربرداری پر لاکھوں روپے خرچ کریں اور سوات کے دور افتادہ علاقے سے کراچی کے ساحل تک کرایہ خرچ کریں کیوں نہ وہاں پر ایک کارخانہ لگا دیں جس کو کہ آگے بڑھایا جا سکتا ہو تو سوئی گیس والے کہتے ہیں کہ وہاں پر کوئی کارخانہ نہیں ہے تو ہم گیس کیسے دیں کس کو دیں - سوئی گیس والے کہتے ہیں کہ کارخانہ نہیں ہے اور کارخانے والے کہتے ہیں کہ سوئی گیس نہیں ہے تو اس مشکل میں ہم لوگ ، خواہ سوات کے ہوں یا منڈی بہاؤالدین کے ہوں یا ہزارہ کے ہوں ، گرفتار ہیں - یہ ہمارے لئے کافی مشکل بن گئی ہے -

(مداخلت)

**جناب شیر محمد خان :** بہاول پور بھی ہو - بلوچستان بھی ہو سرحد بھی ہو ، پنجاب بھی ہو ، سندھ بھی ہو تو جناب والا ! میری یہ گذارش ہے کہ یہ سوئی گیس ہوئی ، پٹرول ہوا ، بجلی ہوئی ، اس کی مثال اسی طرح ہے جیسے کہ انسان کی رگوں میں خون دوڑتا ہے - جب انسانی بدن میں خون چلتا ہے تو انسان زندہ رہتا ہے اور جب خون کی گردش تھم جاتی ہے تو انسان مر جاتا ہے - اسی طرح قومی زندگی کے لئے سوئی گیس بجلی ایندھن اور پٹرول وغیرہ ضروری ہے - جب کسی علاقے میں خون جانا بند ہو جائے تو کیا اس علاقے کی زندگی برقرار رہ سکتی ہے ؟ نہیں رہ سکتی میرا تو یہ خیال ہے - جناب والا! میرے دوست نے کہا کہ وہاں پر زیادہ سے زیادہ آٹھ دس میل کے فاصلے سے پائپ لائن گزرتی ہے اور سرکاری دفتروں سے شاید

یہ بتایا گیا ہے کہ نہیں پچاس میل کے فاصلے پر سے گزرتی ہے اور اس کا اندازہ کروڑوں روپے کا لگایا گیا تو انہوں نے اس کو چیلنج کیا کہ ایسا نہیں ہے چونکہ یہ وہاں کے رہنے والے ہیں اور میرے یہ دوست ایک ذمہ دار آدمی ہیں یہ ان کی ذاتی معلومات ہیں کسی سے معلومات حاصل نہیں کیں کہ کتنے فاصلے پر سے پائپ لائن گزرتی ہے اس لئے ہمیں ان کی صداقت میں شبہ نہیں ہے - ہمیں یقین ہے کہ ایک ذمہ دار آدمی کی حیثیت سے ان کی بات میں صداقت ہو گی - اس لئے میں اس بنیاد پر اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کو منظور کیا جائے -

**جناب چیئرمین :** تھینک یو - فرمائیے قاضی صاحب -

**قاضی فیض الحق :** جناب چیئرمین ! میرے فاضل دوست چوہدری اسلم صاحب نے منڈی بہاؤالدین کی اہمیت پر کافی روشنی ڈالی ہے اور اس ایوان کی معلومات میں کافی اضافہ کیا ہے کیونکہ ہم دور دراز کے رہنے والوں کو یہ بھی نہیں پتہ تھا کہ منڈی بہاؤالدین بھی ایک اتنی اہم جگہ ہے اور اس پر اتنی کثیر آبادی کا دارومدار ہے اور وہاں پر کوئی ڈویلپمنٹ نہیں ہوئی ہے وہاں کوئی فیکٹریاں نہیں ہیں کوئی روزگار کے مواقع نہیں ہیں - میرے دوست جناب شیر محمد خان نے سوات کے لوگوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ منڈی بہاؤالدین میں فیکٹریاں لگائی جائیں اور وہاں پر گیس سپلائی ہو تو سوات سے بھی لوگ تلاش روزگار کے لئے آتے ہیں وہ بجائے بڑے شہروں کے منڈی بہاؤالدین میں آ کر فیکٹریوں میں ، بڑے سکون سے بڑی یکسوئی سے کام کریں - اور بلوچستان سے بھی لوگوں کو ترغیب ملے گی - بلوچستان کے متعلق انہوں نے ذکر کیا ہے کہ بارہ میل کے فاصلے پر سے پائپ لائن گزر رہی ہے میں ان کی معلومات میں اضافہ کرنے کی غرض سے بتاتا ہوں کہ بلوچستان میں بعض جگہوں پر ---

**جناب چیئرمین:** قاضی صاحب یہ قرارداد تو منڈی بہاؤالدین کی بابت ہے بلوچستان کی بابت نہیں ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** گیس تو انہی کے یہاں سے آتی ہے -

(مداخلت)

**قاضی فیض الحق :** میں تو گیس پر بیٹھا ہوا ہوں -

(قطع کلامیاں)

**جناب چیئرمین :** چونکہ شیر محمد خان نے سوات کا ذکر کیا ہے تو آپ بھی بلوچستان کا ذکر ضرور کریں گے ؟

**قاضی فیض الحق :** میں اسی کے ساتھ لنک کر رہا ہوں - آپ دیکھیئے -

**جناب چیئرمین :** آپ کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ منڈی بہاؤ الدین کو سوئی گیس دے دی جائے یا نہ دی جائے۔

**قاضی فیض الحق :** میں کہتا ہوں کہ ضرور دی جائے لیکن پہلے ان علاقوں کو دی جائے۔

(جناب شیر محمد خان کھڑے ہوئے)

**جناب چیئرمین :** شیر محمد خان صاحب بیٹھ جائیے کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ پوائنٹ آف آرڈر کی ضرورت نہیں ہے۔

**جناب شیر محمد خان :** پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ میں ایک بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین :** جس بات کی آپ وضاحت کرنا چاہتے ہیں اس کے متعلق میں پہلے ہی جانتا ہوں آپ کیا کہیں گے؟ میں یہ جانتا ہوں۔ بلوچستان کی بات چھوڑئیے میں سمجھتا ہوں۔ ٹھیک ہے بلوچستان میں بڑی تکلیف ہے وہاں بڑی ضرورت ہے لیکن اس وقت تو چوہدری محمد اسلم کی قرار داد پر بھی تو کچھ کہیئے۔

**قاضی فیض الحق :** اسی پر ہی کہہ رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین :** یہ بتائیے کہ ان کو سوئی گیس ملنی چاہیئے یا نہیں ملنی چاہیئے۔

**قاضی فیض الحق :** وہ تو میں آخر میں بتاؤں گا کہ ان کو ملنی چاہیئے یا نہیں ملنی چاہیئے۔

**جناب چیئرمین :** آخر میں نہیں پہلے بتائیے۔ آپ بلوچستان کا چکر لگا کر آخر میں چوہدری محمد اسلم صاحب کے پاس آ جائیں گے۔

(مداخلت)

**جناب طاہر محمد خان :** جناب چیئرمین! چونکہ بلوچستان اور منڈی بہاؤ الدین کے حالات میں یکسانیت ہے اس لیے بلوچستان کا حوالہ دے کر پھر منڈی بہاؤ الدین پر آئیں گے۔

**جناب چیئرمین :** پھر حاجی نعمت اللہ ڈیرہ اسماعیل خان پر لے آئیں گے۔ ان کا بھی تعلق ہے۔ کس کا تعلق نہیں ہے؟ ساہیوال کا تعلق نہیں ہے۔ لیڈر آف دی ہاؤس وہاں کے ہیں۔

**جناب شہزاد گل :** جیکب آباد کا بھی ہے۔

**جناب چیئرمین :** قاضی صاحب! میں ایک حد تک تو اجازت دیتا ہوں۔ لیکن یہ نہیں ہے کہ آپ صرف بلوچستان پر ہی بحث کریں۔

**قاضی فیض الحق :** آپ اس حد تک اجازت دیں۔ میں واپس آ رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین :** میں آپ کو چھوڑتا نہیں ہوں کہ آپ واپس آ جائیں۔ آپ منڈی بہاؤ الدین سے شروع ہو جائیں۔

**قاضی فیض الحق :** منڈی بہاؤ الدین کی اہمیت کا تو ہمیں اندازہ ہو گیا۔ وہاں پر بارہ میل کے فاصلے پر سے پائپ لائن گزو رہی ہے۔ لوگ دیکھ رہے ہیں، ترس رہے ہیں۔ وہاں پر گیس جا رہی ہے۔ حالانکہ ہمارے ہاں کئی قصبے ایسے ہیں جو کہ گیس کے اوپر واقع ہیں گیس لائن ان کے نیچے سے گزر رہی ہے پھر بھی ان کو سپلائی نہیں ہو رہی اور وہ بھی چھوٹے چھوٹے قصبے ہیں۔

**جناب چیئرمین :** آپ کا مقصد یہ ہے کہ چونکہ آپ کے گھر کے نزدیک سے گزرتی ہے اس لیے پہلے آپ کو دے دی جائے پھر اس کو دی جائے۔

**قاضی فیض الحق :** وہ تو آپ پر انصاف ہے۔

**جناب چیئرمین :** میں تو وزیر متعلقہ نہیں ہوں۔ ہمارے ہاں تو تمام ضلع میں ہی نہیں ہے۔ جی فرمائیے۔

**قاضی فیض الحق :** جناب والا ! ہونی تو چاہیئے۔ تمام ملک میں گیس سپلائی ہونی چاہیئے لیکن بعض مقامات جو اہمیت کے حامل ہیں۔ جیسے چھٹ پٹ ہوا منڈی بہاؤ الدین ہے، بیل پٹ ہوا جیسے ٹمپل ڈیرہ ہوا۔

**جناب چیئرمین :** پشین ہوا، لورا لائی ہوا، زیارت ہوا، کوئٹہ ہوا۔

**قاضی فیض الحق :** جیکب آباد بھی راستے میں ہے۔

**جناب چیئرمین :** جیکب آباد، سبی، سکھر، یہ سب راستے میں ہیں۔

**قاضی فیض الحق :** ان سب کو گیس سپلائی کرنے میں، میرے خیال میں کوئی خرچہ بھی نہیں آتا۔ زر مبادلہ کا اس میں کوئی سوال نہیں ہے۔

(قطع کلامیاں)

**قاضی فیض الحق :** پھر فیکٹریوں والے آ کر فیکٹریاں لگائیں گے اس طرح معیشت اور اقتصادیات میں ایک انقلاب آ جائے گا۔

**جناب چیئرمین :** اب آپ یہ بتائیے کہ منڈی بہاؤ الدین کو گیس دی جائے یا نہ دی جائے ؟

**قاضی فیض الحق :** ضرور دی جائے۔

**جناب چیئرمین :** اس پر بھی تو کچھ کہیئے۔

**قاضی فیض الحق :** اسی پر تو کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین : آپ تو ہمیں سبی اور جیکب آباد لے گئے ہیں ۔

قاضی فیض الحق : میرے فاضل دوست نے ان معلومات کو چیلنج کیا جو کہ اس معزز ایوان کے سامنے پیش کی گئیں ۔ میں خود تو موجود نہیں تھا لیکن اب ان کی باتوں سے معلوم ہوا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے پر کروڑوں روپے خرچ آئے گا ۔ اس پر زر مبادلہ خرچ ہوگا ۔ یہ ہوگا ۔ پچاس میل کے فاصلے پر سے لائن گزر رہی ہے ۔ انہوں نے اس کی تردید کی کہ نہیں ، میں وہاں کا رہنے والا ہوں وہاں نزدیک سے پائپ لائن گزر رہی ہے تو اس کے لیے میں ایک تجویز پیش کروں گا کہ اس معزز ایوان کے اراکین میں سے ایک کمیٹی بنائی جائے جس کے لیڈر سید قمر الزمان شاہ ہوں ۔ وہ اس وقت موجود نہیں ہے ۔ وہ ابھی پچھلے دنوں فلمی میلے کے لیڈر بن کے تاشقند گئے تھے ۔

جناب چیئرمین : کس کے لیڈر ۔ ۔ ۔ ۔ ؟

قاضی فیض الحق : فلمی ڈیلیگیشن تھا ۔ وہ تاشقند گئے تھے ۔

جناب چیئرمین : کون ؟

قاضی فیض الحق : سید قمر الزمان شاہ ۔

سردار محمد اسلم : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ! تاشقند کے فلمی میلے کا منڈی بہاؤ الدین کے ساتھ کیا تعلق ہے ؟

جناب چیئرمین : آپ کا صرف ڈیڑھ منٹ باقی رہ گیا ہے ۔

قاضی فیض الحق : ٹائم کے متعلق تو آپ نے پہلے مجھے بتایا تھا ۔ ٹھیک ہے میں ڈیڑھ منٹ میں ختم کروں گا ۔

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاعدے کے لحاظ سے چیئرمین صاحب نے دس منٹ آپ کو دیئے تھے ۔ میں بھی دس منٹ آپ کو مزید دے سکتا ہوں ۔

قاضی فیض الحق : جناب چیئرمین ! ابھی ابھی تو آپ تشریف لائے ہیں ۔

سردار محمد اسلم : میں نے پوائنٹ آف آرڈر یہ کیا تھا کہ ۔ ۔ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ تشریف رکھیں ۔

سردار محمد اسلم : نکتہ اعتراض جناب والا ! انہوں نے کہا تھا کہ قمر الزمان شاہ صاحب ایک وفد لے کر منڈی بہاؤ الدین جائیں وہ فلمی میلے پر بھی ایک وفد لے کر گئے تھے اس کی ویسے تو کوئی مطابقت دکھائی نہیں دیتی ۔ لیکن کیا وہ اپنے اس وفد میں وہی ممبر لے کر جائیں گے جو وہ تاشقند کے فلمی میلے پر لے کر گئے تھے ۔

**قاضی فیض الحق :** یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

**Mr. Deputy Chairman :** I think, that was enough for today's proceedings. Now, let us start with the work. We will strictly confine to the resolution. The resolution is that gas may be supplied to Mandi Bahauddin with priority.

**Qazi Faizul Haque :** Yes, Sir, on priority basis.

تو جناب والا ! منڈی بہاؤ الدین ایک ایسی جگہ پر واقع ہے جس کے بہت قریب سے پائپ لائن گزر رہی ہے اب ہمارے فاضل دوست نے بتایا میں نے تو کہا کہ ہمیں پہلے پتہ نہیں تھا کہ منڈی بہاؤ الدین کہاں پر واقع ہے لیکن چوہدری محمد اسلم نے جب اس کی اہمیت بیان کی ہے تو اس سے ہمیں اندازہ ہوا کہ واقعی منڈی بہاؤ الدین کو یہ گیس سپلائی ہونی چاہیئے ۔ اب رہا یہ کہ اولیتی بنیادوں پر ہو یا حق کی بنیاد پر ہو اگر حق کی بنیاد پر دیا جائے تو پہلے جو لوگ حقدار بنتے ہیں جہاں سے یہ گیس آتی ہے تو پہلے ان کو دی جائے ۔ پھر ٹھیک ہے ان کو بھی سپلائی کی جائے جب کہ اتنے بڑے بڑے شہروں کو گیس سپلائی ہو رہی ہے تو منڈی بہاؤ الدین کو بھی سپلائی کی جائے اگر گورنمنٹ کی اطلاعات غلط ہیں ، جیسا کہ میرے دوست نے فرمایا ہے کہ اس کے لیے میں نے ایک تجویز دی تھی شاہ قمرالزمان والی جو تھی وہ ہنسی مذاق والی نہیں تھی ، کچھ دوستوں نے پوچھا کہ کون سے سید قمر الزمان شاہ تو میں نے کہا کہ وہ تاشقند والے ، وہ تاشقند میں وفد لے کر فلمی میلہ پر گئے تھے اس کے لیڈر بن کر گئے تھے اسی طرح سینٹ کے ارکان میں سے بھی ایک کمیٹی بنائی جائے وہ وہاں منڈی بہاؤ الدین جا کر دیکھے کہ واقعی وہاں پر یہ پائپ لائن اتنی قریب سے گذرتی ہے اگر پچاس میل سے گزر رہی ہو تو ہم ان کی سپورٹ نہیں کریں گے کہ پچاس میل سے اتنا زر مبادلہ خرچ کر کے گیس کو منڈی بہاؤ الدین لے جایا جائے لیکن اگر میرے دوست کے کہنے کے مطابق بارہ میل سے پائپ لائن گزر رہی ہے تو پھر منڈی بہاؤ الدین کو جب کہ اتنی قریب سے گیس گزر رہی ہے ہم سپلائی کر سکتے ہیں ۔ شکریہ ۔

(*Interruption*)

**Mr. Deputy Chairman :** No cross talk please. You are supposed to address the Chair.

**Qazi Faizul Haque :** Thank you very much, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you very much. Yes, now, I concede the Floor to Mr. Afzal Khan Khoso.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Mr. Chairman, Sir, my friend Senator Ch. Aslam has pointed out towards the backwardness of Mandi Bahauddin town. Sir, I personally feel that we have nothing to doubt about its backwardness of all the backward areas. This is the policy of the Government that all the backward areas are to be brought at par with the developed areas. So, from that point of view, I would totally support the arguments of my friend that Mandi Bahauddin town should be supplied gas. As far as its importance for the people around is concerned, well, I think, enough has been said about that by the learned mover. So, that

[Mr. Afzal Khan Khoso]

factor is also there that it is a very important place. I have not seen it but I support the arguments of my learned friend, Senator Qazi sahib, that a team of Senators should go and see the circumstunces and state of affairs and report to the House. If it is really ten or twelve miles, I think, there should be no objection because there is a plenty of gas in our country which is being wasted away and is not utilised. The other point raised by Senator Sher Mohammad Khan that when we go to the Gas people that we want gas for a particular important backward area, they say well we are prepared to supply you the Gas but we are sorry you have no industries, and when we go to the industrial sector and we ask the Industries authorities or the Ministry concerned, and we request them as in the case of Jacobabad, I am justing putting it as a reference not about Jacobabad Sui Gas or Jacobabad Industries, so they say, well, Sir, we are prepared to give you industries but we are very sorry you do not have gas because gas is very important for running the industries. So, Sir, I do not know which comes first. This is for the honourable House to decide whether it is the question of eggs and chicken, Sir, which comes first. So, in any case, I feel all these under-developed areas, whether Mandi Bahauddin or Jacobabad, Sibi or any place, they all should get all facilities of modern times, and for that matter I support the mover's statement. Thank you.

**Mr. Deputy Chairman** : Thank you. Senator Nargis Zaman Khan Kiani.

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** جناب چیئرمین ! جہاں تک چوہدری محمد اسلم
کی قرار داد کا تعلق ہے میں ان کی تائید میں گذارش کروں گا کہ منڈی بہاؤ الدین
گجرات سے پچاس میل کے فاصلے پر ایک گنجان آبادی ہے جس کی آبادی میرے
خیال میں تقریباً ۶۰ ہزار سے لے کر ۷۰ ہزار تک ہوگی اور وہاں ہر قسم کے لوک
رہائش پذیر ہیں - کاروباری طبقہ بھی موجود ہے ، سمجھدار بھی ہیں ، مزدور بھی
ہیں تو جہاں تک اس گیس کا تعلق ہے یہ ملک وال سے اس کی لائن گزر رہی ہے
اور ملک وال سے بارہ میل کے فاصلے پر منڈی بہاؤ الدین واقع ہے تو اس لحاظ سے
میرے یہ دوست حق بجانب ہیں کہ اپنے اس علاقے کی رہنمائی کرتے ہوئے آپ اس
معزز ہاؤس میں گذارش کریں کہ ان لوگوں کا جو بنیادی حق بنتا ہے وہ دیا جائے
اور اس کے لئے وہ یہاں کھل کر تقریر کریں - اس سلسلے میں ہم سب دوست
ان کے ساتھ تعاون کرتے ہیں ، اب میں اپنے دوست کی حوصلہ افزائی کے لیے گذارش
کروں گا کہ انہوں نے بارہ میل کے فاصلے کا ذکر کیا کہ ۱۲ میل کے فاصلے سے
پائپ لائن گزر رہی ہے اور ہمیں لائن نہیں ملتی - تو اسلام آباد کے متعلق آپ کی
خدمت میں گذارش کروں گا کہ اسلام آباد سے بارہ فٹ کے فاصلے پر سے سوئی گیس
گزر رہی ہے اور کنکشن نہیں ملتا تو اس لحاظ سے میرے خیال میں یہ مطمئن
ہوں گے - اس کے علاوہ اسلام آباد کے گرد و نواح میں ایک مشہور و معروف
مقام ہے سید پور خاتون اول وہاں تشریف لے گئی تھیں - ان کے ساتھ بیگم قذافی
تھیں اور بیگم پیرزادہ بھی ان کے ساتھ گئی تھیں - وہ مشہور و معروف مقام ہے
دستکاری کے لحاظ سے وہاں کاریگر لوگ موجود ہیں اور وہاں اگر سوئی گیس سپلائی
کی جائے تو کافی فائدہ ہوگا - اس کے علاوہ نور پور شاہاں ہے جس کو بری امام

کہتے ہیں بہت بڑی آبادی ہے - اس کے علاوہ مری روڈ پر آپ جائیں بارہ کہو ہے - وہاں پر آرسی اور پولیس ہے - محکمہ جنگلات کے لوگ ہیں اور میرے خیال میں وہاں بیس ہزار کی آبادی ہے - تو میں گذارش کروں گا کہ برائے کرم آپ متعلقہ محکمہ کے وزیر صاحب تک ہمارے ان خیالات کا پیغام پہنچا دیں تاکہ وہ کم سے کم ان علاقوں کی طرف توجہ دیں ، اس کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں - شکریہ -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ - سردار محمد اسلم -

**سردار محمد اسلم :** جناب چیئرمین ! وزیر برائے ایندھن و قدرتی وسائل کی عدم موجودگی میں اس قرار داد پر یا سوئی گیس کے متعلق بحث کرنا اور پھر اس کا کیا نتیجہ نکلے گا یہ تو میں نہیں کہہ سکتا کیونکہ ملک محمد اختر وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور اس کو deal کر رہے ہیں لیکن جہاں تک اس قرار داد کا تعلق ہے - جناب اس بات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ موجودہ زمانے میں خواہ کوئی جگہ بھی ہو - صنعتی ہو یا غیر صنعتی یا residential ہو انڈسٹریل کنکشنز ہوں - گیس ایک ضروری چیز ہے جس کا لوگوں کو بہم پہنچانا زندگی کے لیے ضروری اہمیت رکھتا ہے اور اس ترقی یافتہ دور میں گیس کے بغیر ترقی ممکن نہیں - لیکن اسی کے ساتھ میں اس قرار داد کے متعلق عرض کروں گا اور میں اپنے دوست چوہدری محمد اسلم سے بھی معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ اس قرار داد کی اہمیت اپنی جگہ ، گیس پہنچانا یا حکومت اپنی جگہ ، حکومت تک اپنی آواز یا وزیر متعلق تک آواز پہنچانا کہ منڈی بہاؤ الدین یا کسی اور ممبر کے علاقے میں کہیں کوئی ایسی جگہ ہو جہاں پر صنعتیں لگائی جا سکتی ہوں یا صنعتیں لگی ہوئی ہوں اس تک گیس پہنچائی جائے - لیکن بحیثیت اس سینٹ کی body کے ریزولیوشن پاس کر کے ، جناب میں معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ جب تک وزیر متعلقہ موجود نہ ہو اور جو کارروائی انہوں کی ہے یا مقامی حالات ہیں وہاں پر گیس کے پہنچنے کے - ان کا جب تک صحیح علم نہ ہو - تو میں عرض کروں گا کہ سینٹ کو یہ قرار داد پاس نہیں کرنا چاہیئے - اس لیے کہ جب ریزولیوشن پاس ہو جائے اور وہ حکومت کے پاس جائے اور اگر حکومت اس کو implement نہ کر سکے تو سینٹ اور حکومت کے درمیان ایک ایسا خلا پیدا ہوگا جو کہ آئندہ شاید زیادہ نقصان دہ ثابت ہو - اس ریزولیوشن کو پاس کرنے کے بارے میں جس طرح پہلے ہنسی مذاق میں بات چیت ہو رہی تھی لیکن سینٹ بحیثیت سینٹ کوئی ریزولیوشن پاس کر کے حکومت کو بھیجے بغیر یہ دیکھے ہوئے کہ اس کے متعلقہ محکمے کے وسائل کیا ہیں یا ان کی ضروریات کتنی ہیں یا جس جگہ پر یہ گیس پہنچائی جانی ہے اور اس جگہ پر گیس پہنچانے کی اہمیت یا importance کتنی ہے اور آیا اس سے زیادہ اہم جگہ یا اس سے زیادہ ضرورت کی جگہ اور نہیں ہیں جہاں پر گیس ضرور پہنچانی چاہیئے یا ویسے ہی ان چیزوں کو مد نظر رکھے بغیر ریزولیوشن پاس کر کے حکومت کے پاس پہنچایا جانا یہ کچھ مناسب نہیں ہوگا یا تو یہ ہو

[Sardar Mohammad Aslam]

کہ حکومت تمام priority ختم کر دے اور ایسی جگہوں پر جہاں already انڈسٹری لگی ہوئی ہیں اور ایسی جگہوں پر جہاں صنعتیں صرف اس وجہ سے بند پڑی ہیں کہ گیس نہیں ہے ان کو ختم کر کے کروڑوں روپے خرچ کر کے ایک ایسی جگہ گیس پہنچائے جہاں ابھی تک کوئی انڈسٹری نہیں لگی اور ان لوگوں سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ گیس جائے گی تو لوگ پیسے invest کریں گے اور اگر حکومت اس کو implement نہیں کر سکتی تو پھر جناب ہمیں پتہ نہیں اس سینٹ کے پاس شدہ ریزولیوشن کا کیا حشر ہوگا۔ اگر حکومت اس کو honour کر نہیں سکتی تو اس سے سینٹ اور executive کے درمیان ایک خلا پیدا ہو جائے گا اور یہ کچھ اچھا نہیں ہے اس کے لیے میرا خیال ہے کہ اس ریزولیوشن کو پاس نہ کیا جائے کیونکہ میں اس حق میں نہیں ہوں لیکن اس بات کے ضرور حق میں ہوں کہ متعلقہ وزیر صاحب کو یہ کہا جائے ان کو سمجھایا جائے کہ منڈی بہاؤ الدین یا دیگر ایسی جگہوں پر گیس کی ضرورت ہے اس کو ضرور بہم پہنچائی جائے اور جہاں تک اس کی priority کا تعلق ہے اور میرے دوست نے یہ کہا کہ حقیقت نہیں ہے تو صنعت تو بہت سی اقسام کی ہیں اور کئی ایسی صنعتیں لگائی جا سکتی ہیں جس میں گیس کی ضرورت نہیں ہے۔ منڈی بہاؤ الدین کا جو انہوں نے ذکر کیا کہ وہ agriculture area ہے تو agriculture area میں agro based انڈسٹری ہونی چاہئیں اور کافی علاقوں میں ایسی انڈسٹریاں ہیں جہاں گیس کی ضرورت نہیں ہوتی اور گیس کے بغیر بھی اگر لوگ وہاں پیسے invest کرنا چاہیں اور اپنے علاقے کے لوگوں کو روزگار کے ذرائع مہیا کرنا چاہیں تو بہت سی agro based انڈسٹری یا سمال انڈسٹری یا میڈیم انڈسٹری وغیرہ جو ہیں اگر ان کو لگانے کا شوق ہو تو وہ لگا سکتے ہیں تاکہ لوگوں کو روزگار ملے لیکن یہ بہانہ کرنا کہ گیس نہیں ہے تو گیس کی ضرورت تو بڑی انڈسٹری کے لیے ہوتی ہے۔ مثلاً سیمنٹ انڈسٹری، شوگر انڈسٹری یا فرٹیلائزر انڈسٹری جس میں بہت زیادہ boilers کا کام ہوتا ہے اور گیس کا جو ادارہ ہے یہ کمرشل ادارہ ہے اور ایک میل لائن پر کم از کم ایک کروڑ روپے سے زیادہ خرچ آتا ہے اور وہ کروڑوں روپے خرچ کر کے وہاں گیس لے جا کر کسی علاقے کے لوگوں سے یہ توقع رکھے کہ جب گیس ان کے پاس جائے گی تو تب وہ ذہن میں سوچیں گے کہ ہم پیسے invest کریں گے یا نہیں کریں گے تو اس سے زیادہ priority ان علاقوں کو دینی چاہیئے یا ان شہروں کو ملنی چاہیئے جہاں پر already ہیوی انڈسٹری ہے اور جہاں پر گیس کی ضرورت ہے اور جو صرف گیس کے بغیر بند پڑی ہیں اور full capacity production نہیں دے سکتی تو پیسے ایسی جگہوں پر لگائے جائیں تاکہ ملک کے اندر پروڈکشن زیادہ ہو اور جب production زیادہ ہوگی تو economic stability زیادہ ہوگی تو اس خیال سے میں یہ گذارش کروں گا کہ اس ریزولیوشن کو پاس نہ کریں بلکہ متعلقہ وزیر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کر دیں سینٹ کی طرف سے کہ منڈی بہاؤ الدین کی ضروریات کو دیکھیں اور ان کا محکمہ اس کی جانچ پڑتال

کرے اور اس کی priority میں تھوڑی رد و بدل کرکے جلدی گیس پہنچا دی جائے ۔ شکریہ ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Any other speaker ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I have discussed the matter with the honourable mover, and we have also heard his views. The Government is very anxious that all the important centres do get connections of Sui Gas. We are interested in the welfare and industrialisation of the country. I would request him that we will pass on all his desires and wishes and also the views expressed by other honourable Members that Sui Gas be supplied more actively to the various important centres and without any delay, and maximum resources may be used. I consider that because supplying of gas to Mandi Bahauddin will be considered on, I should say, priority basis alongwith other priority cases, and that he should be satisfied with this assurance, and he may kindly withdraw the resolution.

**Mr. Deputy Chairman :** The mover, Senator Chaudhry Mohammad Aslam, do you want to say anything after the observations made by the Minister ?

**چوہدری محمد اسلم :** میں ملک صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ منڈی بہاؤ الدین کو سوئی گیس پہنچانے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر غور کریں گے اور اس پر جلدی عملدرآمد ہوگا میں ملک صاحب کی اس یقین دھانی پر پھر ان سے یہ گذارش کروں گا کیونکہ وہ منسٹر صاحب کے behalf پر بیٹھے ہیں تو یہ ان کا فرض ہوگا کہ وہ منسٹر صاحب کو آگاہ کریں اور ان کی توجہ اس طرف دلائیں اور اس کی بار بار بھی ضرورت ہو تو وہ یہ کام کریں اور اب میں یہ ملک صاحب پر چھوڑتا ہوں اور اب چونکہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ منڈی بہاؤ الدین کو priority دی جائے گی تو اس کے پیش نظر میرے خیال میں اب اس ریزولیوشن کی ضرورت نہیں ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ نہیں کہا کہ priority دی جائے گی ۔

**چوہدری محمد اسلم :** نہیں ملک صاحب نے یہ کہا ہے - - - -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ تمام شہر جو ہیں جہاں گیس کی ضرورت ہے تو ان شہروں کے ساتھ آپ کو priority کی بنیادوں پر

Not priority to this town. Priority as to the urgency or exigency of the work.

**چوہدری محمد اسلم :** ہاں جی تو میں سمجھتا ہوں کہ جب انہوں نے کہا ہے کہ اس ٹاؤن کو دوسرے علاقوں کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پر سوئی گیس دی جائے گی تو اس صورت میں میں سمجھتا ہوں کہ ریزولیوشن کی ضرورت نہیں ہوگی اور ان کا جو estimates ہے وہ صحیح نہیں ہے اور میں پھر ان سے مشورہ کر لوں گا اور اگر پھر اس ریزولیوشن کی ضرورت ہوگی ۔ تو میں دوبارہ ریزولیوشن لے آؤں گا اور

[Ch. Mohammad Aslam]

متعلقہ محکمے نے ان کو جو اطلاع دی ہے وہ ہو سکتا ہے کہ کسی غلط estimates کی بنیاد پر دے دی ہو اور اگر وہ ضروری سمجھیں گے تو میں by plan اِن کو نشاندہی کر دوں گا کہاں سے لائن گزر رہی ہے اور میرا خیال ہے کہ حکومت اس پر ہمدردی سے غور کرے گی اور اگر سستے طریقے سے وہاں کام ہو سکے تو وہ ضرور کرے گی تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا اس لیے میں اس ریزولیوشن کو زیادہ پریس نہیں کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پریس کرنے کی بات نہیں ہے اب چونکہ یہ موو ہو چکا ہے تو اب withdrawal کی بات ہوگی۔

چوہدری محمد اسلم: لاء منسٹر صاحب کی اس یقین دھانی پر کہ منڈی بہاؤ الدین کو priority basis پر consider کیا جائے تو میں اس کو withdraw کرتا ہوں۔

**Mr. Deputy Chairman:** Now, the mover wants to withdraw this resolution. As he has already moved the resolution, therefore, it is for the House to grant him permission for withdrawal. Does he have the permission of the House to withdraw the resolution ?

(*Permission was granted*)

**Mr. Deputy Chairman:** So, he has the permission of the House to withdraw the resolution. The resolution stands withdrawn.

As there is no other business before the Senate and tomorrow there will be Joint Sitting at 10.00 a.m., the Senate will now meet on Monday at 5.30 p.m. Senate stands adjourned to meet on Monday at 5.30 p.m.

---

*(The House then adjourned till half-past five of the clock in the evening on Monday, June 28, 1976).*

---